© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

☆ عوامی تحریک روشن خیال جماعت ہے، اس میں اداکار اور ہندو بھی شامل ہیں۔ (طاہر القادری)

ٹائر الپادری! تری رہے ہری بھری
دل ہے ترا کال وکال ٹوپی نے کی ہے رہبری

☆ ''ویلا سی سوچیا، الیکشن ای لڑلواں'' (ایک امیدوار کا ریٹرننگ آفیسر کو جواب)

یعنی الیکشن میں لڑنے والے فارغ ہوتے ہیں، ہر لحاظ سے فارغ!

☆ شیش محل کلب میں آٹھ نسلوں کے ساٹھ کتوں کی شرکت! (ایک خبر)

ظاہر ہے کتوں کی نمائش میں شرکت کرنے والے کتے ہی ہو سکتے ہیں۔

☆ اگر معاشرہ اجازت دے تو مخلوط تعلیم میں کوئی حرج نہیں۔ (سرکاری ترجمان)

''مجھے ڈر ہے کہ ہم دونوں کہیں سمدھی نہ بن جائیں
تری گلنار کالج میں، میرا گلزار کالج میں''

☆ علماء نے اخلاقی اقدار کو مضبوط کرنے کیلئے اپنا کردار ادا نہیں کیا۔ (فاروق لغاری)

جبکہ سیاست دانوں نے اخلاقی اقدار تباہ کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

☆ امیدوار کی بدحواسی، اپنے شناختی کارڈ کی بجائے اپنی بیوی کا شناختی کارڈ عدالت کو دکھایا۔ (ایک خبر)

''رانجھا رانجھا کردی نی میں آپے رانجھا ہوئی''

☆ مذہبی جماعتیں ملک کو بدنام کرنے سے باز آ جائیں۔ (معین الدین حیدر)

زمانے نے کئی ایسے وزیروں کو کٹے ہوئے پتنگوں کی طرح، کوٹھوں پہ پڑے ہوئے دیکھا۔

☆ عدالت میں وکلاء ''مومن بے تیغ'' بن کر نہ آیا کریں (ہائیکورٹ پشاور)

جو جھوٹ کو سچ کر دے، وکالت ہے وہ پیشہ
انصاف کی کرسی کا خریدار ہمیشہ

☆ ''مجرا کرنا، کرانا اور طوائفوں پر نوٹ نچھاور کرنا کسی قانون میں جرم نہیں''۔ (کاغذات مسترد ہونے پر امیدوار ناظم کی اپیل)

یہ پاکستان ہے! اور یہ مسلمان ہے!

☆ طالبان اسلام کو بدنام کر رہے ہیں۔ اسلام میں ملائیت کا تصور نہیں۔ (سردار شیر باز مزاری)

اسلام میں شراب کباب اور رنڈی بازی کا بھی کوئی تصور نہیں۔

☆ پاکستان، طالبان ماڈل اسلام کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ (طاہر القادری)

شیخ چوزا ہے، فقیہ شہر ہے بدمست سانڈ
یارو کلجگ میں دونوں سبک رفتار ہیں!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس خدا کی مملکت میں چار رکعت کے امام
رب کعبہ کی قسم، اسلام کے غدار ہیں!

☆ مولانا فضل الرحمٰن، امریکہ کا بہت بڑا ایجنٹ ہے۔ دیوبند کانفرنس کے لئے آئی ایس آئی نے دس کروڑ روپے دیے۔ آئی ایس آئی کے موجودہ چیف عالمِ اسلام کے بہت ہی قابل جرنیل ہیں، موجودہ کور کمانڈروں میں سے کوئی بھی بددیانت اور آئین دشمن نہیں۔ ۷۳ء کا آئین مفتی محمود نے بنایا، انہیں لمبے لمبے حوالے میں نکال کر دیا کرتا تھا۔ (اجمل قادری کا اخباری انٹرویو)

عیاں یہ بات تری ایک ایک کل سے ہے
کہ جو جمال سے اجمل نہیں جمل سے ہے

☆ ترکمانستان کے صدر سپارموت نیازروف کے تیسری ہزاری کا پیغمبر ہونے کا دعویٰ تیار۔ نئے مذہب کا ضابطہ اخلاق، صدر کی کتاب ''رخ نامے'' ہوگی۔ (اخباری خبر)

مسیلمہ کذاب، قادیانی کذاب اور یوسف کذاب کے خاندان میں ایک نئے کذاب کا اضافہ

کیا دور ہے کہ ختمِ نبوت کے راہزن
بیٹھے ہیں چھپ چھپا کے سیاسی نقاب میں


## علمی، تاریخی، سوانحی، خطبات اور اہم دینی موضوعات پر مشتمل نادر کتب

| | | |
|---|---|---|
| احکام و مسائل (جمعہ و عیدین، نکاح عقیقہ) | مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاریؒ | 250/= |
| امیر شریعت نمبر (ماہنامہ نقیب ختم نبوت) | سید محمد کفیل بخاری | 300/= |
| جانشینِ امیر شریعت نمبر (ماہنامہ نقیب ختم نبوت) | " " | 60/= |
| آزادی کی انقلابی تحریک | محمد عمر فاروق | 150/= |
| حیاتِ امیر شریعت (نیا ایڈیشن) | جانباز مرزاؒ | 150/= |
| پاکستان میں کیا ہوگا؟ | سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے مختلف خطبات سے اقتباس | 10/= |
| مولانا محمد علی جالندھریؒ | مولانا سعید الرحمٰن علویؒ | 100/= |
| قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ (سوانح و افکار) | مولانا محمد اسمٰعیل شجاع آبادی | 150/= |

رابطہ: بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان فون: 511961 -061


© rasailojaraid.com